Dar-Ul-Ifta
Jamia Usmania Peshawar
Khyber Pukhtunkhwa Pakistan

دار الافتاء
جامعہ عثمانیہ پشاور
خیبر پختونخوا، پاکستان

سلسلہ وار نمبر: 21212 فتوی نمبر: 9129/297/321 تاریخ اجراء: 23/06/2022

نمازِ جنازہ کے بعد تعزیت

سوال: ایک شخص نمازِ جنازہ میں شریک ہوا تو اس کا دوبارہ تعزیت کے لیے جانا مسنون ہے یا نہیں؟

الجواب وباللہ التوفیق

حدیثِ مبارکہ میں ایک مؤمن کے دوسرے مؤمن پر چند حقوق بیان کیے گئے ہیں جن میں سے ایک یہ ہے کہ جب وہ فوت جائے تو اس کے جنازے میں شرکت کی جائے، جب کہ تعزیت میت کے اہلِ خانہ کے لیے تسلی اور صبر کی تلقین کا نام ہے کیونکہ وہ مصیبت زدہ ہوتے ہیں اور احادیثِ مبارکہ میں مصیبت زدہ کی تعزیت کرنے کی تلقین کی گئی ہے۔ تعزیت جنازہ سے پہلے بھی کی جا سکتی ہے اور بعد میں بھی، لیکن افضل یہ ہے کہ بعد میں کی جائے، البتہ اگر جنازہ کے دوران ایک مرتبہ میت کے رشتہ داروں سے تعزیت کر دی تو دوبارہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «لِلْمُؤْمِنِ عَلَى الْمُؤْمِنِ سِتُّ خِصَالٍ، يَعُودُهُ إِذَا مَرِضَ وَيَشْهَدُهُ إِذَا مَاتَ، وَيُجِيبُهُ إِذَا دَعَاهُ، وَيُسَلِّمُ عَلَيْهِ إِذَا لَقِيَهُ، وَيُشَمِّتُهُ إِذَا عَطَسَ، وَيَنْصَحُ لَهُ إِذَا غَابَ أَوْ شَهِدَ»۔ (سنن الترمذي، باب ما جاء في تشميت العاطس، رقم الحديث: 2737)

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: «من عزى مصابا فله مثل أجره»۔(سنن ابن ماجه، باب ما جاء في ثواب من عزى مصابا، رقم الحديث:1602)

(ومما يتصل بذلك مسائل) التعزية لصاحب المصيبة حسن، كذا في الظهيرية، وروى الحسن بن زياد إذا عزى أهل الميت مرة فلا ينبغي أن يعزيه مرة أخرى، كذا في المضمرات و وقتها من حين يموت إلى ثلاثة أيام ويكره بعدها إلا أن يكون المعزي أو المعزى إليه غائبا فلا بأس بها وهي بعد الدفن أولى منها قبله وهذا إذا لم ير منهم جزع شديد فإن رئي ذلك قدمت التعزية ويستحب أن يعم بالتعزية جميع أقارب الميت الكبار والصغار والرجال والنساء إلا أن يكون امرأة شابة فلا يعزيها إلا محارمها، كذا في السراج الوهاج. (الفتاوي الهندية، الفصل السابع في الشهيد، ج:1، ص:183)

کتبہ: سعد سعود جان | 32
شریک تخصص فی الفقہ الاسلامی
جامعہ عثمانیہ پشاور

الجواب صحیح
۲۰۲۲/۶/۲۳ھ

الجواب صحیح

Jamia Usmania Peshawar
Usmania Colony, Nothia Raod, Peshawar
Cantt, Khyber Pukhtunkhwa Pakistan
www.usmaniapsh.com
091-5240422
جامعہ عثمانیہ پشاور
عثمانیہ کالونی، نوتھیہ روڈ، پشاور صدر، خیبر پختونخوا، پاکستان